کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR

روزنامہ فرزندِ کشمیر

چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391

فیکس نمبر:۔ 0812869207, 0512204192

نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

## فیلڈ مارشل عاصم منیر کی طرف سے سابق فوجیوں کے اعزاز میں استقبالیہ

چیف آف ڈیفنس فورسز اور پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یومِ آزادی کے موقع پر پاک فوج کے سابق فوجیوں کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جس میں ریٹائرڈ افسروں اور جوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ملک کے دفاع کے لیے سابق فوجیوں کی گرانقدر اور شاندار خدمات اور قومی عزم و ہمت کو مضبوط بنانے کے لیے ان کے لازوال کردار کو سراہتے ہوئے انھیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سابق فوجی افسران اور جوانوں کا تجربہ اور مسلسل رہنمائی سلامتی کے پیچیدہ اور بدلتے ہوئے منظر نامے میں ایک قیمتی ادارہ جاتی اثاثے کی حیثیت رکھتی ہے۔ تقریب کے دوران سابق فوجیوں نے پاک فوج کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور ابھرتے ہوئے سکیورٹی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مسلح افواج کی حمایت اور قومی اتحاد، امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

پاکستان کے تحفظ اور سلامتی کی تاریخ میں یہ حقیقت ہمیشہ نمایاں رہی ہے کہ مسلح افواج کی اصل قوت صرف اس کے حاضر سروس افسران اور اہلکاروں تک محدود نہیں ہوتی بلکہ اس کے سابق افسران اور جوانوں کا تجربہ، دانش اور مسلسل وابستگی بھی اتنی ہی اہمیت رکھتی ہے۔ پاکستان کو اپنے قیام کے پہلے دن سے ہی سکیورٹی کے سنگین چیلنجز کا سامنا رہا ہے۔ مشرقی اور مغربی سرحدوں پر روایتی خطرات، اندرونِ ملک دہشت گردی کی لہریں اور خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال کے باعث افواجِ پاکستان مسلسل چوکنا رہیں۔ ان حالات میں افواج نے نہ صرف روایتی جنگی تیاری کی بلکہ غیر روایتی جنگ، یعنی دہشت گردی اور مختلف قسم کی شورشوں کے خلاف بھی ایک منظّم اور موثر حکمتِ عملی وضع کی۔ اسی حکمتِ عملی کا نتیجہ ہے کہ گزشتہ دو دہائیوں میں پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔

ضربِ عضب، ردالفساد اور اس نوعیت کے دیگر آپریشنز محض فوجی کارروائیاں نہیں ہیں بلکہ یہ قوم کی بقا کی جنگ ہے۔ ان آپریشنز میں افواجِ پاکستان کے جوانوں اور افسران نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے تاکہ ملک کے طول و عرض میں امن بحال ہو سکے۔ قبائلی اضلاع میں دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں کا خاتمہ، شہری علاقوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور سرحدی علاقوں میں باڑ کی تنصیب جیسے اقدامات نے پاکستان کو دہشت گردی کے عفریت پر کافی حد تک قابو پانے میں مدد دی لیکن یہ جنگ ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی۔ خطے میں موجود عدم استحکام، سرحد پار سے دراندازی اور غیر ریاستی عناصر کی سرگرمیاں آج بھی پاکستان کی سلامتی کے لیے ایک مستقل خطرہ ہیں۔

ایسے حالات میں سابق فوجیوں کا کردار محض علامتی نہیں بلکہ عملی طور پر بھی نہایت اہم ہے۔ ریٹائرڈ افسران اور جوان، جنھوں نے میدانِ جنگ میں برسوں گزارے، دہشت گردی کے خلاف حکمتِ عملی کی تشکیل، تربیتی اداروں میں نوجوان نسل کی رہنمائی اور قومی بیانیے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ان کا تجربہ ایک ایسا سرمایہ ہے جو محض کتابوں یا نظریاتی تربیت سے حاصل نہیں ہوسکتا بلکہ برسوں کی عملی مشقت اور میدانِ عمل کے حقیقی تجربات سے حاصل ہوتا ہے۔ یہاں یہ کہنا بھی بے جا نہ ہوگا کہ سابق فوجی محض ماضی کی یادداشت نہیں بلکہ حال اور مستقبل کے لیے بھی ایک قیمتی وسیلہ ہیں۔ جدید جنگی حکمتِ عملیوں، ہائبرڈ وارفیئر، سائبر سکیورٹی کے خطرات اور معلوماتی جنگ جیسے نئے چیلنجز کے تناظر میں تجربہ کار افسران کی رائے اور مشاورت انتہائی اہمیت اختیار کر جاتی ہے۔ اسی لیے دنیا بھر کی جدید افواج اپنے سابق اہلکاروں کو ایک فعال وسیلے کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔

آج پاکستان کو جن سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے وہ محض افواجِ پاکستان کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری قوم کے لیے ایک مشترکہ چیلنج ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کبھی بھی محض فوجی طاقت کے بل پر نہیں جیتی جا سکتی، اس کے لیے سیاسی اتفاقِ رائے، سماجی ہم آہنگی اور عوامی حمایت بھی فوجی حکمت عملی اور کارروائی جتنی ہی ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی افواجِ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف کوئی بڑی کارروائی کی قوم نے بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔ عوام کی یہ حمایت دراصل اس عزم کا اظہار ہے کہ ملک کی سلامتی صرف اداروں کی نہیں بلکہ ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے۔ موجودہ حالات میں جب خطے میں عدم استحکام کے سائے گہرے ہو رہے ہیں، سرحد پار سے دہشت گردی کی وارداتیں دوبارہ تیز ہو رہی ہیں اور بین الاقوامی سطح پر نئی صف بندیاں تشکیل پا رہی ہیں پاکستان کو ایک متحد اور مضبوط دفاعی حکمتِ عملی کی ضرورت ہے۔ اس حکمتِ عملی میں حاضر سروس افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ ساتھ سابق فوجیوں کے تجربے، عوام کے اعتماد اور سیاسی قیادت کے تعاون کا امتزاج ناگزیر ہے۔

یہ حقیقت ناقابلِ تردید ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں افواجِ پاکستان کا کردار مرکزی اور فیصلہ کن رہا ہے۔ چاہے وہ سرحدی علاقوں میں انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیاں ہوں، شہری مراکز میں انٹیلی جنس آپریشنز یا بین الاقوامی سطح پر دہشت گردی کے خلاف تعاون، افواجِ پاکستان نے ہر محاذ پر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت کا لوہا منوایا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہید ہونے والے جوانوں اور افسران کی قربانیاں پاکستان کی تاریخ کا ایک روشن باب ہیں جنھیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ آج بھی جب دہشت گردی کی نئی لہر سر اٹھا رہی ہے افواجِ پاکستان مکمل تیاری اور نئے عزم اور ولولے کے ساتھ اس چیلنج کا مقابلہ کر رہی ہیں۔ اس مقصد کے لیے جدید ٹیکنالوجی، بہتر انٹیلی جنس نیٹ ورک اور سرحدی نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے لیکن قوم کے اتحاد اور افواج پر مکمل اعتماد کے بغیر ان کوششوں کو کامیابی سے ہمکنار کرنا ممکن نہیں ہے۔

اس سلسلے میں یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ سابق فوجیوں کا تجربہ، ان کی قربانیاں اور موجودہ قیادت پر ان کا بھرپور اعتماد پاکستان کی دفاعی حکمتِ عملی کا ایک اہم ستون ہے۔ آج ملک کو جن سکیورٹی چیلنجوں کا سامنا ہے ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ حاضر سروس افواج، سابق فوجی، سیاسی قیادت اور عوام سب متحد اور یک جہت ہوں۔ یہی اتحاد اور یکجہتی وہ اصل قوت ہے جو کسی بھی بیرونی یا اندرونی چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے۔ افواجِ پاکستان کی قربانیاں اور سابق فوجیوں کا تجربہ ہماری قومی سلامتی کا وہ سرمایہ ہے جسے سنبھالنا اور جس سے بھرپور استفادہ کرنا پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

---

## قوم ٹیکس دیتی رہے، خسارہ کون دیتا رہے گا؟

### محمد اکرم چوہدری

انڈونیشیا سے ایک خبر آئی اور دل نے بے اختیار پوچھا: کیا پاکستان بھی کبھی ایسا حساب کرے گا؟۔ انڈونیشیا کے صدر پرابووو سوبیانتو نے 750 سے زیادہ غیر پیداواری سرکاری ادارے بند کرنے کی بات کی ہے۔ ایسے اداروں اور ان کے منتظمین کی تحقیقات کی بات بھی ہو رہی ہے جو مبینہ طور پر کاغذی منافع دکھاتے رہے۔ خبر انڈونیشیا کی ہے، مگر سوال ہمارا ہے۔ پاکستان میں کتنے سرکاری ادارے ایسے ہیں جن کا خسارہ برسوں سے قوم اٹھا رہی ہے؟۔ ذرا صرف ایک سال کا حساب دیکھیے۔ وفاقی حکومت کی FY2025 رپورٹ کے مطابق خسارہ دینے والے سرکاری اداروں نے مجموعی طور پر تقریباً: 833 ارب روپے کا نقصان کیا۔ 833 ارب! عدد اتنا بڑا ہے کہ عام آدمی کے لیے اس کا تصور بھی مشکل ہے۔ اسے آسان کرتے ہیں یہ تقریباً 2 ارب 28 کروڑ روپے روزانہ بنتے ہیں۔ تقریباً 9 کروڑ 50 لاکھ روپے فی گھنٹہ۔ اور قریب 15 لاکھ 80 ہزار روپے فی منٹ۔ یہ محض سالانہ خسارے کو وقت پر تقسیم کرنے کا حساب ہے؛ ایسا نہیں کہ ہر منٹ واقعی اتنی نقد رقم خزانے سے نکل رہی ہے۔ لیکن یہ حساب نقصان کے حجم کو ضرور سمجھا دیتا ہے۔ اب نام بھی سن لیجیے FY2025 میں بڑے خسارہ دینے والوں میں: نیشنل ہائی وے اتھارٹی تقریباً 295 ارب روپے، QESCO تقریباً 113 ارب، PESCO تقریباً 93 ارب، پاکستان ریلویز 60 ارب، PIA Holding تقریباً 49 ارب، National Parks Power تقریباً 46 ارب، نیلم جہلم تقریباً 29 ارب، پاکستان اسٹیل ملز تقریباً 26 ارب، SEPCO تقریباً 25 ارب، پاکستان پوسٹ تقریباً 19 ارب اور PASSCO تقریباً 19 ارب روپے خسارے میں رہے۔ صرف چار بڑے اداروں NHA —، QESCO، PESCO اور پاکستان ریلویز— کا مجموعی خسارہ تقریباً: 561 ارب روپے بنتا ہے۔ یہ کسی سیاسی جلسے کے اعداد نہیں یہ حکومتِ پاکستان کی اپنی سرکاری SOE رپورٹ کے اعداد ہیں۔ لیکن کہانی یہاں ختم نہیں ہوتی، اسی سال حکومت کی سرکاری اداروں کے لیے مجموعی مالی معاونت 2 ہزار 78 ارب روپ یعنی تقریباً 2.08 ٹریلین روپے رہی۔ یہاں انصاف کرنا بھی ضروری ہے۔ یہ پورے 2.08 ٹریلین روپے ''نقصان'' نہیں اس میں subsidies، grants، loans، equity injections اور دوسری مالی معاونت شامل ہے۔ اسی طرح ہر خسارہ کرپشن نہیں ہوتا۔ کسی ادارے کو عوامی خدمت کی ذمہ داری دی گئی ہوسکتی ہے۔ کسی پر پرانا قرض لدا ہوسکتا ہے۔ کسی کے اخراجات میں depreciation اور financing costs بہت زیادہ ہوسکتی ہیں بجلی کی بعض کمپنیوں میں چوری اور کم وصولیاں مسئلہ ہوسکتی ہیں۔

مگر یہ وضاحت ایک دوسرے سوال کو ختم نہیں کرتی:

آخر یہ سلسلہ کب تک۔؟۔

تصویر کا دوسرا رخ بھی دیکھیے

ہر سرکاری ادارہ ناکام نہیں۔ اسی پاکستان میں FY2025 کے دوران OGDCL نے تقریباً 170 ارب روپے منافع کمایا، PPL نے تقریباً 90 ارب نیشنل بینک نے 57 ارب، WAPDA نے 52 ارب اور Government Holdings نے تقریباً 49 ارب روپے منافع کمایا۔ تمام منافع بخش سرکاری اداروں کا مجموعی منافع تقریباً 710 ارب روپے تھا تو مسئلہ صرف یہ نہیں کہ 'سرکاری ادارہ ہے، اس لیے ناکام ہے۔ اصل مسئلہ ہے گورننس، انتظام جواب دہی، قرض، سیاسی مداخلت اور بعض جگہ ایک ایسا کاروباری ڈھانچہ جو شاید اپنی موجودہ شکل میں چل ہی نہیں سکتا۔ اور اس سارے حساب میں عام پاکستانی کہاں کھڑا ہے؟ وہ بجلی کا بل ہاتھ میں پکڑے کھڑا ہے۔ اسے کہا جاتا ہے: قیمت بڑھے گی، ملک مشکل میں ہے۔ پٹرول مہنگا ہوگا، خزانہ خالی ہے ٹیکس دینا ہوگا، ریاست چلانی ہے۔ تنخواہ سے مزید ٹیکس کٹے گا، معیشت کو سہارا دینا ہے۔ وہ خاموشی سے دیتا رہتا ہے۔ مگر ایک دن اسے بھی پوچھنے کا حق ہے، میرے دیے ہوئے پیسے کا حساب کہاں ہے۔ اگر کوئی ادارہ دس، بیس یا تیس سال سے نقصان کر رہا ہے تو اس کے بورڈ سے کتنی بار پوچھا گیا۔؟۔

CEO کے اہداف کیا تھے، وہ پورے ہوئے یا نہیں؟ اگر نہیں ہوئے تو کیا ہوا حل کیا ہے حل یہ نہیں کہ کل صبح ہر سرکاری ادارہ بیچ دیا جائے۔ اور یہ بھی حل نہیں کہ ہر خسارہ ہمیشہ عوام کے سر ڈال دیا جائے۔ پاکستان کو اپنے اداروں کو تین خانوں میں تقسیم کرنا ہوگا۔ پہلا: وہ ادارے جو قومی سلامتی یا لازمی عوامی خدمت کے لیے ضروری ہیں۔ انہیں رکھیں، مگر ان کی عوامی خدمت کی قیمت صاف صاف بجٹ میں دکھائیں۔ دوسرا: وہ تجارتی ادارے جو بہتر انتظام سے بچ سکتے ہیں، انہیں تین سال کا واضح ہدف دیں، پیشہ ور بورڈ لائیں، سیاسی مداخلت ختم کریں، Management contract، PPP یا نجی شراکت آزمائیں تیسرا: وہ ادارے جن کا نہ کوئی اسٹریٹجک جواز باقی ہے، نہ کاروباری مستقبل ان کے بارے میں جذباتی نہیں، معاشی فیصلہ کریں: انضمام، نجکاری یا بندش۔ اور ایک قانون مزید ہونا چاہیے ہر سرکاری ادارے کا ایک صفحے کا حساب ہر سال عوام کے سامنے آئے: اس نے کتنا کمایا؟ کتنا گنوایا۔؟۔

حکومت نے اسے کتنی رقم دی اس پر کتنا قرض ہے؟ اس کے سی ای او اور بورڈ کو کیا اہداف دیے گئے؟ اور اگلے سال خسارہ کم کرنے کا منصوبہ کیا ہے؟ بس۔ قوم ٹیکس دیتی رہے، خسارہ کون دیتا رہے گا۔؟

---

## کچھ تذکرہ اوائل عمر کے قصّوں اور 14 اگست کے ایوارڈز کا

### نصرت جاوید

گزشتہ ہفتے کا آغاز ہوتے ہی پیر کی شام سے میرے لئے فکرمندی کے مراحل شروع ہوگئے۔ رات 8 بجے کے قریب علم ہوا کہ ہمارے گھر میں بجلی کی عدم موجودگی کی وجہ لوڈ شیڈنگ نہیں تھی۔ نہ ہی اس کا سبب اسلام آباد میں بجلی کی ترسیل کا نظام تھا۔ کوئی شخص ہمارے گھر کے باہر نصب نیٹ میٹر کی تاریں کاٹ کر لے گیا تھا۔ بجلی فراہم کرنا اس کے بعد آئیسکو کی ذمے داری نہ رہی۔ مجھے ہنگامی حالات میں تقریباً بند ہوئی ایک دکان سے کاریگر بلانا پڑا۔ پسینے میں شرابور اس کے ساتھ تین سے زیادہ گھنٹے کھڑا رہا۔ نہایت لگن اور توجہ کے باوجود وہ بارہ بجنے سے چند لمحے قبل آدھے گھر کی بجلی بحال کرسکا۔ کامل نظام بحال کرنے میں منگل کی دوپہر 4 گھنٹوں تک ایک بار پھر بغیر بجلی کے رہنا پڑا۔

ذاتی پریشانیوں کے بارے میں اخبار ہی میں نہیں بلکہ دوستوں کے ساتھ ذکر سے بھی گریز کو ترجیح دیتا ہوں۔ نیٹ میٹرنگ سے گھروں تک بجلی لے جانے والی تاروں کی چوری میرے لئے مگر نئی بات تھی۔ اس کے بارے میں لکھنے کو مجبور ہوگیا۔ کالم چھپ گیا تو سوشل میڈیائی تلنگوں نے حسب عادت نہایت رعونت سے یاددلانا شروع کردیا کہ عام آدمی ایسے اذیت ناک تجربات سے دن میں کئی بار گزرتا ہے۔ میں نے صحافی ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ذاتی دکھوں کا ڈھول بجانے کے لئے اخبار کو استعمال کیا۔

تلنگوں کے نفرت بھرے تبصروں کے باوجود 13 اگست 2026ء کی صبح چھپے کالم کو قارئین کی کثیر تعداد نے نہایت شفقت سے پڑھا۔ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارموں پر آپ کے قارئین کی تعداد بیان کردی جاتی ہے۔ میں جان بوجھ کر تعداد کا ذکر نہیں کروں گا۔ محض یہ کہتے ہوئے آگے بڑھ جاتا ہوں کہ حالیہ تین مہینوں میں جو کالم لکھے ہیں انہیں پڑھنے والوں کی کل تعداد سے بھی کہیں زیادہ اس ایک کالم کو پڑھا گیا۔ قارئین کی متاثر کن تعداد کے علاوہ اس کالم پر کمنٹ کرتے ہوئے اَن گنت افراد نے اپنے ساتھ بجلی کے تار چوری ہوجانے کے حوالے سے تلخ تجربات کا بھی تفصیلی ذکر کیا۔ قارئین کی معقول تعداد اس رائے کا اظہار کرتی رہی کہ نیٹ میٹر کے ذریعے گھروں تک بجلی لے جانے والے تار محض منشیات کے عادی افراد ہی کاٹنے کے عادی نہیں۔ کراچی اور لاہور میں کئی گھروں سے تار ہی نہیں میٹر ہی اکھاڑ لئے جاتے ہیں۔ میٹر چوری کرنے والے اس کے بعد آپ سے فون کے ذریعے رقم کا تقاضا کرتے ہیں۔ اس کی ادائیگی کے بعد آپ کے گھر کے قریب ترین جگہوں کی نشاندہی کردی جاتی ہے جہاں زمین کھود کر چوری ہوئے میٹر کو بازیاب کیا جاسکتا ہے۔

ایسی وارداتیں نشے کی خوراک کے لئے بے قرار ہوئے فرد کے بس میں نہیں۔ پڑھے لکھے نوجوان منظّم گروہ کی صورت ہی ان کا ارتکاب کرسکتے ہیں۔ مذکورہ کالم کی بدولت جو داستانیں سننے کو ملیں وہ ہوشربا تھیں۔ انہیں پڑھتے ہوئے میں شرمندہ ہوا۔ خود کو رپورٹر کہلوانے سے گھن آئی۔ یہ سوچتے ہوئے خود کی ملامت کرتا رہا کہ پیچیدہ سیاسی اور عالمی امور پر بقراطوں کی طرح تجزیاتی کالم لکھنے والا یہ قلم گھسیٹ عام افراد کے روزمرہ مسائل سے ناقابل معافی حد تک ناآشنا ہے۔ تلافی اب اسی صورت ممکن ہے کہ میں اس کالم میں دانشوری جھاڑنے کے بجائے روزمرہ مسائل کے بارے میں تواتر سے لکھا کروں۔

بطور رپورٹر اور صحافی اپنی کوتاہیوں کا ادراک ہوا تو 14 اگست کی شام میرے کئی ساتھیوں کے لئے ایوان صدر سے تمغوں کا اعلان ہوا۔ ساتھیوں کے نام منظر عام پر آنا شروع ہوئے تو اعزاز سے محروم رہے کئی ساتھی تمغوں کے حقدار پائے دوستوں کی مذمت میں مصروف ہوگئے۔ شاید مجھے اشتعال دلانے کے لئے چند افراد نے واٹس ایپ کے ذریعے مجھے بھی یاددلایا کہ میں تواتر سے اس کالم میں دعویٰ کرتا رہتا ہوں کہ 1975ء سے میں نے صحافت کے سوا کچھ بھی نہیں کیا ہے۔ اگر میرا دعویٰ درست ہے تو کسی بھی حکومت نے مجھے آج تک صدارتی انعام کے قابل کیوں نہیں سمجھا۔ جعلی انکساری سے مجھے نفرت ہے۔ نہایت دیانتداری سے بیان کررہا ہوں کہ مجھے ایسے اعزاز کی تمنا کبھی نہیں رہی۔ یہ لکھنے کا ہرگز مقصد یہ نہیں کہ 14 اگست کو اعزاز کے مستحق جن دوستوں کی فہرست کا اعلان ہوا ہے وہ اس قابل نہیں تھے۔ ان میں سے چند نام میری نگاہ میں اس کے ہر حوالے سے واجب بنیادوں پر مستحق تھے۔ دیگر کے اوصاف انہیں یا ان کے کام کو ذاتی طور پر نہ جانتے ہوئے بیان کرنہیں سکتا۔ اعزاز کے لئے نظرانداز ہوئے دوستوں سے التجا ہے کہ جس انداز میں اعزاز کے مستحق تصور ہوئے افراد کے میرٹ پر سوال اٹھائے جارہے ہیں وہ ''انگور کھٹے ہیں'' والا تاثر ہی اجاگر کرتے ہیں۔ صحافت کی ساکھ اور وقار گزشتہ کئی برسوں سے پاتال کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ خدارا اس کی تھوڑی توقیر برقرار رکھنے کے لئے اپنا دل بڑا رکھیں۔

یہ عرض کرنے کے بعد آپ کو راز کی ایک بات بتانا ہے جو مضحکہ خیز حد تک بچگانہ محسوس ہوگی۔ میری اوائل عمری سے وابستہ کہانی ہے۔ اسے سن لینے کے بعد کسی اور کا نہیں میرا ہی مذاق اڑایا جاسکتا ہے۔ یہ عرض کرنے کے بعد آپ کو بتانا ہے کہ سکول کے دنوں سے ریڈیو پاکستان لاہور اور اس کے پچھواڑے میں واقع پی ٹی وی سٹوڈیوز سے شناسائی شروع ہوئی تو مجھے ڈراموں اور فلموں کو پیشہ ورانہ انداز میں سمجھنے کی دھن سوار ہوگئی۔ میٹرک کا امتحان دیا تو نتیجے کا انتظار کرتے ہوئے سینماؤں میں دکھائی ہر فلم کو ''پہلی ٹکٹ پہلا شو'' کے جنون کے ساتھ دیکھتا۔ فلم دیکھنے کے بعد دوستوں کی محفل میں اس انداز میں تبصرہ کرتا جیسے مجھ سے بڑا فلمی نقاد دنیا میں موجود نہیں ہے۔ ریڈیو پاکستان لاہور کی کینٹین اور پی ٹی وی کے سٹوڈیوز میں نامی گرامی صدا کار اور اداکار جس انداز میں فلموں پر تبصرے کرتے ان کا غور سے مشاہدہ کرتا۔ اس کے بعد فلمی اخبارات اور رسالے بھی نہایت توجہ سے پڑھتا۔ اس کے علاوہ انگریزی کی کلاسیکی فلمیں دیکھے بغیر ان پر لکھے مضامین امریکی سنٹر کی لائبریری میں چند کتابوں کی مدد سے نہایت غور سے پڑھے۔ اپنے ہم عصروں میں ان کی وجہ سے معتبر فلمی نقاد تسلیم کیا جانے لگا۔

اس دوران غالباً 1970ء میں ''بازی'' نامی فلم کی نمائش ہوئی۔ اس کا پہلا شو فقط اس لئے نہیں دیکھا کہ ندیم اور محمد علی اس فلم کے نمایاں اداکار تھے۔ میرے لئے اس فلم کی کشش نشو کے نام نے پیدا کی جو اس دور کے دو سپر اسٹار کے ساتھ اس فلم میں پہلی بار نمودار ہورہی تھی۔ فلم دیکھنے والے میرے ہم عمر دوستوں کو فلم پسند آئی مگر نشو کے کام سے متاثر نہ ہوئے۔ نہایت مفکرانہ انداز میں ان سے میں اختلاف کرتا رہا۔ مصر رہا کہ دو سپر سٹارز کے ساتھ پہلی بار کام کرتے ہوئے نشو نے کمال جرآت سے اپنے فن کا مظاہرہ کیا ہے اور وہ ایک کامیاب اداکارہ ثابت ہوگی۔ میرے ہم عمر دوستوں نے فرض کرلیا کہ نشو کا شاید میں کسی اور وجہ سے فین ہوگیا ہوں۔ میرا مذاق اڑاتے رہے۔ نشو مگر فلموں میں چل نکلیں۔ خوب نام کمایا۔ دو یا تین برس بعد مگر وہ مشہور کامیڈین رنگیلا کی بنائی ایک فلم میں نمودار ہوئی۔ رنگیلا اس فلم میں اس کا دیوانہ دکھایا گیا تھا۔ اس کے خوابوں کے حوالے سے نشو پر ایک مشہور گانا بھی فلمایا گیا۔ جس میں وہ رنگیلا کو ''سب تو سوہنیاں ہائے وے من موہنیاں...'' والا گیت سناتی ہے۔ اس رول میں نشو کو دیکھ کر مجھے افسوس ہوا۔ اپنے ہم عصر دوستوں کے سامنے دل میں موجود خفت کے باوجود اعتماد سے بتاتا رہا کہ ایک غیر ہیرو دِکھتے کامیڈین کے لئے ایسا گانا فلماتے ہوئے نشو نے اس وقت کی مشہور اور کامیاب مانی ایکٹریس ہوتے ہوئے بھی درحقیقت بڑے پن اور خوداعتمادی کا مظاہرہ کیا ہے۔ عرصہ ہوا اوائل عمری کی یہ کہانی بھول چکا تھا۔ نشو کے نام سے غافل ہوئے بھی تین دہائیاں گزر چکی ہیں۔ 14 اگست کی شام مگر اس کا نام ٹی وی سکرین پر دیکھا تو یاد آ گیا۔ یہ سوچ کر خوش ہو رہا ہوں کہ اوائل عمری میں نشو کی پہلی فلم دیکھ کر ہی فیصلہ کرلیا تھا کہ وہ فلمی دنیا میں نام بنائے گی اور عمر کے آخری حصے میں داخل ہونے کے بعد درست ثابت ہوا۔ کوئی مانے یا نہ مانے میں تو نشو کو 14 اگست کے دن اعلان ہوئے انعام کا مستحق ٹھہرانے پر اصرار کروں گا۔

---

## میرا پاکستان میرا گھر۔

### عتیق انور راجہ

وطن محض مٹی کے ایک ٹکڑے یا جغرافیائی سرحدوں کا نام نہیں ہوتا بلکہ یہ اس چھت کی مانند ہوتا ہے جو شدید ترین موسمی سختیوں اور طوفانوں میں اپنے شہریوں کو تحفظ دیتی ہے۔ جس طرح ہم اپنے ذاتی مکان کو اپنا گھر مان کر اس کی صفائی، تزئین و آرائش اور مضبوطی کے لیے تن من دھن کی بازی لگا دیتے ہیں، بالکل اسی روح کے ساتھ پاکستان کو اپنا حقیقی گھر تسلیم کرتے ہوئے اس کا خیال رکھنا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ ہم میں سے ہر فرد جس شعبے میں، جس مقام پر اور جس حیثیت میں مصروفِ عمل ہے، وہ وہیں رہتے ہوئے اس مقام کو اپنا پاکستان گردانتے ہوئے اس کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی کوشش کرے۔ اگر کوئی شخص کسی حکومتی دفتر میں انتظامی کرسی پر بیٹھا ہے، تو وہ اس کرسی اور اس عمارت کو محض ایک نوکری یا اینٹ پتھر کا ڈھانچہ نہ سمجھے بلکہ اسے اپنا پاکستان سمجھتے ہوئے، سائلین کو طویل انتظار کی کوفت سے بچائے، اپنے دفتر کے دروازے بلا تفریق عام عوام کے لیے کھلے رکھے، سرکاری وسائل کا ایک روپیہ بھی ضائع نہ ہونے دے اور سب سے بڑھ کر عدل و انصاف کے ترازو کو برابر رکھے۔ جب ایک سرکاری اہلکار اپنے دفتر کو اپنا پاکستان سمجھے گا تو کرپشن، رشوت اور ناانصافی کی دیمک خود بخود دم توڑ جائے گی۔

اسی طرح ہمارے فیکٹری مالکان، تاجر، کارخانہ دار اور سرمایہ دار اپنے دائرہ اختیار میں ایمانداری کا علم بلند کریں۔ کاروبار میں جھوٹ، ملاوٹ اور دھوکے بازی کے بجائے سچائی اور معیار کو اپنا شعار بنائیں۔ سڑکوں پر سفر کرتے ہوئے ہر شہری دوسروں کے حقوق کا احترام کرے، ٹریفک کے قوانین کی پاسداری کرے اور عام زندگی میں ذاتی مفادات یا برادری کی دھڑے بندیوں سے بالاتر ہوکر صرف اور صرف حق کا ساتھ دے۔ یہ نکتہ ہر کوئی سمجھ لے کہ میرا پاکستان تبھی خوبصورت بنتا ہے جب گھر میں موجود ماں، بہن، بیٹی، بیوی اور بھابھی کو جو عزت و احترام دیا جاتا ہے، وہی پاکیزہ نگاہ اور تقدس گھر سے باہر سڑکوں، بازاروں، دفاتر اور مارکیٹوں میں موجود دیگر خواتین کو بھی فراہم کرے۔ جب ہماری ہر عورت خود کو اس ملک میں محفوظ سمجھے گی، تبھی ہمارا پاکستان حقیقی معنوں میں ایک مہذب ملک کہلائے گا۔

قیامِ پاکستان کو اب تقریباً آٹھ دہائیاں ہونے کو ہیں۔ اس عرصے میں اس قوم نے مشکلات، مصائب اور سازشوں کے ایسے سنگین دور دیکھے ہیں جن کا تصور کر کے بھی روح کانپ اٹھتی ہے، لیکن اس کے باوجود اس ملک کے غیرت مند اور صلاحیتوں سے مالا مال لوگوں نے دنیا بھر میں اپنی قابلیت کا لوہا منوایا ہے۔ قیامِ پاکستان کے فوراً بعد، محض ایک ہی سال کے اندر، وسائل سے محروم اور مختصر سی فوج کے ساتھ بھارت جیسے بڑے دشمن کا مقابلہ کرکے کشمیر کا اتنا بڑا اور حکمت عملی کے لحاظ سے اہم حصہ آزاد کروالینا کوئی معمولی واقعہ نہ تھا۔ 1965ء کی جنگ میں جب دشمن نے رات کے اندھیرے میں حملہ کیا تو پاک فوج کے جری جوانوں نے جرات کی نئی تاریخ رقم کی اور بھارتی سرزمین پر سبز ہلالی پرچم لہرایا۔ عرب اسرائیل جنگ کے دوران ہمارے شاہینوں نے برادر اسلامی ممالک کا ساتھ دیتے ہوئے مشرقِ وسطیٰ کے محاذ پر دشمن کے جدید ترین طیاروں کو فضائی معرکوں میں خاک چٹا کر دنیا کو حیران کر دیا۔ 1 میں سقوطِ ڈھاکہ ایک ایسا المناک واقعہ تھا جس کے بعد اگر کوئی اور قوم ہوتی تو شاید دہائیوں تک صدمے سے باہر نہ نکل پاتی اور ہمت ہار بیٹھتی۔ مگر یہ زندہ دل پاکستانی قوم تھی جس نے اتنے بڑے سانحے کے بعد بھی اپنے جذبوں کو مرنے نہیں دیا اور چند ہی سال میں لاہور میں اسلامی سربراہی کانفرنس منعقد کروا کر تمام مسلم امت کو ایک پرچم تلے جمع کیا۔ وطن کی سرحدوں کو دشمن کی جارحیت سے محفوظ رکھنے کا فیصلہ کیا گیا اور تمام بڑی طاقتوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کا ناقابلِ تسخیر عزم کیا گیا۔ دہائیوں کے دوران حکومتیں بدلتی رہیں، کبھی طویل فوجی نظام آئے تو کبھی کمزور جمہوریتیں، مگر ریاست کو اندرونی اور بیرونی طور پر مضبوط بنانے کا عمل کبھی نہیں رکا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ ہمارے سیاست دانوں، جرنیلوں اور دفاعی سائنسدانوں نے اس وطن کو اپنا گھر سمجھا اور تمام عالمی دباؤ، پابندیوں اور دھمکیوں کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے بالآخر پاکستان کو دنیا کی پہلی اسلامی ایٹمی طاقت بنا کر ہی دم لیا۔

گزشتہ سال معرکہ حق کے دوران جب ہمارے ازلی دشمن بھارت نے مہم جوئی کی کوشش کی تو ہماری فوج نے اس کے غرور کو خاک میں ملایا، ہمارے شاہینوں نے بھارت کے جدید رافیل طیاروں کو مار گرایا، فوج کے جوانوں نے اس طرح گولہ باری کی کہ بھارتی حکمرانوں نے کبھی عرب ممالک کو کردار ادا کرنے کی درخواست کی تو کبھی امریکی صدر کو رات سوتے میں اٹھایا گیا۔ بھارت کی طرف سے آنے والے ڈرونز کو جہاں پاک فوج تکنیکی طور پر ناکارہ بنا رہی تھی، وہیں عام شہری ان ڈرونز کے تعاقب میں نظر آئے؛ یعنی ملک کا ہر شہری اپنے بہادر جوانوں کے شانہ بشانہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑا رہا۔

اب جبکہ ایک بار پھر ہم شایانِ شان طریقے سے یومِ آزادی کا جشن منا چکے ہیں، تو ہمیں اپنی نئی نسل کو یہ بتانا چاہیے کہ یہ آزادی ہمیں کسی پلیٹ میں رکھ کر نہیں ملی بلکہ یہ خون کے سمندروں کو عبور کرنے کے بعد حاصل ہوئی ہے۔ ہمیں اس قربانی کو کبھی نہیں بھولنا چاہیے جو ہمارے آبا و اجداد نے یہ پاک وطن حاصل کرتے ہوئے ادا کی تھی۔ تقسیمِ ہند کے وقت لاکھوں بے گناہ مردوں، عورتوں اور بچوں کی ہجرت، شہادتوں، اور ہزاروں ماؤں بہنوں کی عزتوں کی پامالی کو یاد رکھنا ہماری قومی یادداشت کا حصہ ہونا چاہیے۔

موجودہ دور کی ایک بڑی اور ہولناک جنگ نظریاتی اور معلومات کی پروپیگنڈا بازی کی جنگ ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے کچھ لوگ جانے انجانے میں ریاست مخالف بیانیے اور دشمن کے پروپیگنڈے کا آلہ کار بن جاتے ہیں۔ آج کے جدید ڈیجیٹل دور میں ہر شخص یہ بات اچھی طرح جانتا ہے کہ سوشل میڈیا پر مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کے ذریعے کوئی بھی جھوٹا بیان یا جعلی ویڈیو تخلیق کی جا سکتی ہے۔ اس لیے ہر شہری کی یہ قومی ذمہ داری ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی کسی بھی سنسنی خیز خبر یا ویڈیو کو بغیر تحقیق اور تصدیق کے آگے نہ بھیجے۔ بے بنیاد باتوں کو پھیلانے سے گریز کرنا بھی حب الوطنی کا ایک بہترین مظاہرہ ہے۔ پاکستان ہمارا گھر ہے، ہماری پہچان ہے اور ہماری آئندہ نسلوں کا مستقبل ہے۔ اگر ہم میں سے ہر شخص اپنے دائرہ کار میں دیانتداری، خلوص، محنت اور سچائی کو اپنا شعار بنالے، اپنے فرائض کو عبادت سمجھ کر ادا کرے اور اس ملک کے وقار پر کوئی حرف نہ آنے دے، تو دنیا کی کوئی طاقت اس پاک سرزمین کو ترقی اور کامیابی کی بلندیوں پر پہنچنے سے نہیں روک سکتی۔ آئیے آج یہ عہد کریں کہ ہم اس گھر کی حفاظت بھی کریں گے اور اسے سنوارنے میں اپنا پورا پورا کردار بھی ادا کریں گے۔

---

## ''کورکمانڈر بلوچستان کا دورہ پنجگور اور جشن آزادی کی خوشیاں''

### (نسیم الحق زاہدی)

گزشتہ دنوں کورکمانڈر بلوچستان نے پنجگور کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انشیٹو (BSDI) کے تحت قائم کیے گئے جناح آئی ٹی ہب، یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے زیرانتظام قائم کیے گئے سرسید احمد خان لاؤنج اور تزئین و آرائش کے بعد فعال ہونے والے علامہ اقبال آڈیٹوریم کا افتتاح کیا۔ جناح آئی ٹی ہب کے قیام کا مقصد پنجگور کے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل تعلیم، پیشہ ورانہ مہارتوں اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرکے بااختیار بنانا ہے۔ اس آئی ٹی ہب میں 50 جدید کمپیوٹرز پر مشتمل آئی ٹی ہال، ڈیجیٹل لائبریری اور فری لانسرز ہب قائم کیے گئے ہیں، جبکہ تیز رفتار انٹرنیٹ کے ساتھ ای کامرس اور فری لانسنگ کی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہیوی سولر سسٹم بیک اپ بھی موجود ہے، تاکہ نوجوان جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔ مزید برآں کورکمانڈر نے یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے زیرانتظام قائم کیے گئے سرسید احمد خان لاؤنج کا بھی افتتاح کیا۔ اس لاؤنج میں طلبہ و طالبات کے لیے علیحدہ اور معیاری تفریحی و کیفے ٹیریا کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جبکہ ساتھ ہی مسجد بھی تعمیر کی گئی ہے۔ طلبہ کو بہتر اور معیاری ماحول فراہم کرنے کے لیے قائم کیا گیا یہ لاؤنج تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ مثبت اور صحت مند مشاغل کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ اسی دورے کے دوران یونیورسٹی آف مکران میں 120 نشستوں پر مشتمل علامہ اقبال آڈیٹوریم کا بھی افتتاح کیا گیا۔ آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش کے ساتھ جدید فرنیچر اور ساؤنڈ سسٹم بھی فراہم کیا گیا ہے، جس سے یونیورسٹی میں علمی، تعلیمی اور دیگر تقریبات کے انعقاد کے لیے ایک بہتر سہولت میسر آگئی ہے۔ اس موقع پر کورکمانڈر بلوچستان نے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ڈیجیٹل اسکلز کے حصول پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بدلتے دور کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ رہنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے، جبکہ سیکیورٹی فورسز کا مقصد علاقے میں پائیدار امن، عوامی خواہشات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد اور بہتر عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ مزید یونیورسٹی آف مکران اور ویمن اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر پنجگور کے مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے گئے۔ یہ اقدام محنت اور قابلیت کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے ساتھ انہیں جدید تعلیمی وسائل فراہم کرنے کی جانب بھی ایک اہم قدم ہے۔ پنجگور میں ان تعلیمی اور ڈیجیٹل سہولیات کے افتتاح کے بعد جنوبی بلوچستان میں 79ویں یوم آزادی کی تقریبات کا ذکر بھی ایک خوبصورت قومی منظر پیش کرتا ہے۔ جنوبی بلوچستان بھر میں یوم آزادی انتہائی عقیدت، جوش و جذبے اور شایانِ شان انداز میں منایا گیا۔ ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) تربت اور ڈپٹی کمشنر آفس کیچ میں پرچم کشائی کی پروقار تقریبات منعقد ہوئیں، جبکہ مرکزی تقریب تربت آڈیٹوریم میں ہوئی۔ اس تقریب میں سیاست دانوں، علاقائی عمائدین، طلبہ و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ طلبہ نے ولولہ انگیز تقاریر، ٹیبلو، ملی نغموں اور آرٹ نمائش کے ذریعے پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ ان سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت نے جشن آزادی کی تقریبات کو مزید خوبصورت بنا دیا۔ جشن آزادی کی مناسبت سے تربت شہر میں ایک شاندار ریلی بھی نکالی گئی جس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان کے پرچم تھام رکھے تھے، جبکہ شہریوں نے اپنی گاڑیوں پر بھی قومی پرچم آویزاں کیے ہوئے تھے۔ ریلی کے شرکاء نے وطن عزیز سے والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے اس کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ جنوبی بلوچستان کے دیگر علاقوں، بشمول دشت، خاران، ماشکیل، ہوشاب، پنجگور، بلیدہ، مند، تمپ، دالبندین اور تفتان میں بھی یومِ آزادی کی مناسبت سے رنگا رنگ تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔ شہریوں نے قومی پرچم ہاتھوں میں تھامے، مختلف پروگراموں میں شرکت کی اور وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ مختلف علاقوں میں کرکٹ، فٹ بال اور فٹسال کے مقابلے بھی منعقد ہوئے جن میں نوجوانوں نے بھرپور جوش و خروش سے حصہ لیا۔ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے اہم ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت اور مثبت مسابقت کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔ قومی دن کے موقع پر کھیلوں کے انعقاد سے یہ امر بھی نمایاں ہوتا ہے کہ نوجوان نسل کو تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں سے جوڑنے کی کوششیں کا اہم حصہ ہیں۔ جنوبی بلوچستان میں 79ویں یوم آزادی کی تقریبات نے قومی جذبے، یکجہتی اور حب الوطنی کی بھرپور عکاسی کی۔ شہریوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ پنجگور میں کورکمانڈر بلوچستان کا خصوصی دورہ، جناح آئی ٹی ہب، سرسید احمد خان لاؤنج اور علامہ اقبال آڈیٹوریم کا افتتاح اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ریاست اور اس کے ادارے بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ یہ اقدامات اسی عزم کا عملی مظہر ہیں۔ دوسری جانب جنوبی بلوچستان بھر میں 14 اگست کی خوشیاں جس شان و شوکت، جوش و جذبے اور والہانہ انداز میں منائی گئیں، وہ اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان میں چند ملک دشمن عناصر جو بلوچیت کا لبادہ اوڑھ کر نسلی اور لسانی فساد پھیلا رہے ہیں، ان کے علاوہ بلوچستان کے عوام پاکستان سے والہانہ محبت کرتے ہیں اور پاکستان ہی ان کی پہچان ہے۔ بلوچ ایک محبِّ وطن قوم ہے جس نے قیامِ پاکستان کے لیے بھی گراں قدر قربانیاں دیں۔ قائداعظم محمد علی جناح ؒ کو بلوچ قوم سے خصوصی محبت تھی، جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اپنی زندگی کے آخری ایام بلوچستان کے شہر زیارت میں گزارے۔ بلوچستان پاکستان کی شہ رگ ہے، اس کے ماتھے کا جھومر اور ملک کا روشن مستقبل ہے۔

**نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں**

